ہم آپ کو مشورہ دینے کے لیئے حاضر ہیں

پیر تا جمعہ 14 - 9

ڈینش اور انگریزی زبان کے لیئے

فون نمبر 33 73 50 00

مندرجہ ذیل ٹیلیفون نمبروں پر ڈینش کے علاوہ مختلف زبانوں میں بھی مشورہ دیا جاتا ہے-

بوسنیا/ سربیا / کروشیا
فون نمبر 33 73 52 33

عربی اور کردش (سورانی)
فون نمبر 33 73 52 28

صومالی
فون نمبر 33 73 53 11

اردو اور پنجابی
فون نمبر 33 73 52 05

اگر آپ اپنے آبائ وطن مستقل واپسی کے سلسلے میں اپنے حقوق سے آگاہی کے سلسلہ میں مشورہ چاہتے ہیں تو آپ کو ایک معلوماتی فارم
پُر کرنا ہوگا جو آپ کو ہماری درج ذیل دی گئ ویب سائٹ پر مل سکتا ہے
www.atvendehjem.dk

آپ ہمیں درج ذیل ای میل ایڈریس پرلکھ بھی سکتے ہیں
atvendehjem@drc.ngo

DRC DANSK FLYGTNINGE HJÆLP

وطن واپسی 2024 کے بارے میں

واپسی 2024 کے بارے میں مہاجرین، تارکین وطن اور دہری شہریت کے حامل افراد جو کہ رضاکارانہ

طور پر اپنے آبائی وطن مستقل واپس جانا چاہتے ہیں انکے لیئے معلومات-

اگر آپ اپنے آبائ وطن مستقل واپسی کے بارے میں سوچ رہے ہیں

ڈینش مہاجرین کونسل شہریوں کو اپنے گھر یا سابقہ رہائشی وطن میں رضاکارانہ طور پر واپس جانے کے بارے میں مشورے دیتی ہے۔ مہاجر ، تارکین وطن اور دوہری شہریت والے افراد (ڈینش اور دوسری شہریت) کو آبائی وطن واپس جانے پر انہیں مالی مدد حاصل کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ اس مدد کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ ڈنمارک کب آئے اور آپ کے پاس کس قسم کی رہائش کا اجازت نامہ ہے۔

اگر آپ جاننا چاہتے ہیں کہ کیا آپ کو اپنے وطن واپس جانے کے لئے مدد مل سکتی ہے تو ، ہمیں ایک معلوماتی فارم www.atvendehjem.dk پر ارسال کریں۔

مالی مدد

2024 میں ، بالغ افراد کو اپنے آبائی وطن میں نئی زندگی شروع کرنے کے لئے 155,417 کرون تک کی مالی مدد مل سکتی ہے۔ جبکہ بچوں کو 47,401 کرون تک کی مالی مدد مل سکتی ہے۔

مالی امداد دو حصوں میں دی جائے گی۔ پہلا حصہ وقت روانگی میں (بڑوں کے لئے زیادہ سے زیادہ 62,166 کرون جبکہ بچوں کے لئے 18,960 کرون تک) اور دوسرا حصہ (بڑوں کے لئے 93,251 کرون تک جبکہ بچوں کے لئے 28,441 کرون تک) آپکے آبائ وطن میں ایک سال مکمل ہونے پر دیا جائیگا۔

اضافی تعاون کے مواقع

- سفر ی اخراجات
- ذاتی سامان کی منتقلی یا ذاتی سامان کی خریداری کے لیئے اخراجات
- کاروباری سامان اور کاروباری سامان کی منتقلی
- بیماری کی انشورنس / علاج معالجے میں4 سال تک مالی معاونت
- ایک سال کے استعمال کےلیئے ادویات
- ضروری امدادی اشیاء
- 5 سے 16 سال تک کی عمر کے بچوں کے لئے 4 سال تک اسکول کے اخراجات
- سفری دستاویزات کے حصول کےلئے معاونت۔

اگر آپ کی عمر 55 سال ہے

اگر آپ کی عمر کم از کم 55 سال ہے اور آپ اپنے آبائ وطن مستقل طور پر جانا چاہتے ہیں تو ہر ماہ آپکی مستقل مالی معاونت کی جاسکتی ہے

اگر آپ کی عمر 50 سے 54 سال کے درمیان ہے تو آپ کو خاص حالات میں ادائیگی کی جاسکتی ہے۔

عام طور پر ماہانہ 2,800 کرون سے 3,600 کرون کے درمیان ہوتی ہے۔ یہ مدد آپ کو اس صورت میں مل سکتی جب آپ کم از کم 5 سال قانونی طور پر ڈنمارک میں رہائش اختیار کر چکے ہوں

اگر ڈنمارک اور آپ کے آبائی وطن کے مابین دوطرفہ معاہدہ موجود ہوتو ممکنہ طو پر آپ کی پنشن کاکچھ حصہ آپ کو مل سکتا ہے

اپنے فیصلے کو بدلنے کاحق

مہاجرین کو ایک سال کے اندر اپنے آبائ وطن واپس جانے اور ڈنمارک سے چلے جانے کے فیصلے کو بدلنے کا حق حاصل ہے۔ ان کے لئے ، اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ایک بار پھر ڈنمارک میں رہائشی اجازت نامہ حاصل کرسکتے ہیں۔ تاہم اگر انھیں وطن واپسی پر افسوس ہے تو انھیں وطن واپسی کی پوری امداد واپس ادا کرناہوگی۔

تارکین وطن کو ڈنمارک واپس آنے کا حق نہیں جب کہ وہ اپنے وطن جا چکے ہوں اور اپنے وطن واپس جانے کے لئے مالی مدد لے چکے ہوں۔ ان کے لئے یہ فیصلہ حتمی ہے اور انھیں ان تمام حقوق سے دستبردار ہونا ہوگا جو انہوں نے اپنے ڈنمارک میں قیام کے دوران حاصل کیے۔

دوہری شہریت کے حامل افراد کو جانے سے پہلے اپنی ڈنمارک کی شہریت ترک کرناہوگی۔ انھیں دو سال کے لئے ڈنمارک کی شہریت ترک کرنے کے فیصلے پر افسوس کا موقع ہے۔ اگر انھیں وطن واپسی پر پچھتاوا ہے تو ، انھیں وطن واپسی کی پوری مالی مددواپس کرناہوگی۔

اگر آپ کو اس بارے میں مزید معلومات چاہئیے

اگر آپ اپنے وطن واپس جانے پر غور کررہے ہیں تو ، براہ کرم ہمیں ایک انفارمیشن فارم ارسال کریں جو آپ ہماری ویب سائٹ پر موجود ہے۔ ایک انفرادی ملاقات میں ہم آپ کو آپ کے اختیارات اور حقوق سے آگاہ کرتے ہیں تاکہ آپ اپنا فیصلہ کرسکیں۔ اگر آپ چاہیں تو ہم گفتگو کے لئے ایک ترجمان بھی فراہم کرسکتے ہیں۔ ہمارا کام آپ کو وہ معلومات فراہم کرنا ہے جس کی آپ کو فیصلہ کرنے میں ضرورت ہوسکتی ہے۔